آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **اعجازہ اختر**

12.30 pm **25/03/2026**

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے کل شام امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ سے ٹیلیفون پر بات چیت کی اورمغربی ایشیا کی صورتحال پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

وزیراعظم نے کہا کہ بھارت کشیدگی میں کمی اور امن کی جلد از جلد بحالی کی حمایت کرتا ہے، اور اس بات کو یقینی بنانا ضروری ہے کہ آبنائے ہرمز کھلی اور قابلِ رسائی رہے۔

نریندر مودی نے سری لنکا کے صدر انورا کمارا Dissanayake کے ساتھ بھی ٹیلی فون پر بات کر کے ان کے ساتھ مغربی ایشیاءکے حالات پر تبادلہ خیال کیا ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ بھارت اور سری لنکا نے موجودہ چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے مل جُل کر کام کرنے کا عزم دہرایا ۔

Tuberculosis

جموں کشمیر کے سبھی اضلاع میں ایک سو روز تک جاری رہنے والے "ٹی بی مکت بھارت ابھیان "کے سلسلے میں یوٹی بھر میں بیداری اور آگاہی پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں ۔ اس بارے میں جموں کشمیر کے محکمہ صحت میں جموں صوبے کے لئے سٹیٹ Tuberculosis آفیسر ڈاکٹر Jyoti Jolly ۔ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا

کشمیر صوبے کی سٹیٹ Tuberculosis آفیسر اس ابھیان کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے ڈاکٹر Basra Mir ۔ نے کہا

ڈپٹی کمشنر سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے ضلعے کے زیون علاقے کا دورہ کر کے پی ایم پیکیج ملازمین کے لیے تعمیر کیے جا رہے مہاجر ٹرانزٹ رہائشی فلیٹس پر جاری کام کا جائزہ لیا۔

انہیں بتایا گیا کہ زیون میں 39 رہائشی بلاکس کا منصوبہ تیزی سے جاری ہے، جن میں سے 26 بلاکس پر کام مکمل ہو چکا ہے، جبکہ باقی بلاکس کا کام اپریل کے آخر تک مکمل ہونے کی توقع ہے۔

ڈپٹی کمشنر نے منصوبے کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے، معیار اور حفاظتی اصولوں کی پابندی کرنے اور مختلف محکموں کے درمیان ہم آہنگی پر زور دیا۔

بعد میں انہوں نے پنتھ چوک میں نئے تحصیل دفتر کی تعمیر کا بھی معائنہ کیا۔

پلوامہ

پلوامہ کی ضلع انتظامیہ اور ڈسٹرکٹ ایمپلائمنٹ اینڈ کاو

نسلنگ سینٹر کے مشترکہ اہتمام سے پلوامہ کے بائز ڈگری کالج میں ایک روزہ روزگار میلے کا انعقاد ہوا جس کا مقصد نوجوانوں کو روزگار کے موقعے فراہم کرنا تھا۔

اس موقعے پر ایم ایل اے پلوامہ، وحید الرحمن پرہ مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے۔ اس میلے میں نوجوانوں کی بڑی تعداد نے حصہ لیا، جہاں تقریباً 16 کمپنیوں نے سو سے زائد امیدواروں کو جاب کے لئے شارٹ لسٹ کیا۔اپنے خطاب میں ایم ایل اے موصوف نے نوجوانوں کو خود روزگاری کے مواقع تلاش کرنے کی تاکید کی۔انہوں نے مشن یووا کے تحت مستحقین میں منظوری نامے بھی تقسیم کئے۔

اننت ناگ

اس دوران اننت ناگ میں بھی ضلع ایمپلائمنٹ اینڈ
کاو

نسلنگ سینٹر اور ضلع انتظامیہ کے اہتمام سے گورنمنٹ آئی ٹی آئی اشاجی پورہ میں روزگار میلے کا انعقاد کیاگیا۔ئ

اس پروگرام کا افتتاح ضلع ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے کیا۔انہوں نے بے روزگاری کے مسئلے کے حل اور نوجوانوں کو خود کفیل بنانے میں ایسے اقدامات کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

شمالی ریلوے

شمالی ریلوے کے جموں ڈویژن نے غیر کرایہ جاتی آمدنی میں اضافے کی اپنی کوششوں کے تحت ایک اہم سنگِ میل حاصل کیا ہے۔ سینئر ڈویژنل کمرشل منیجر
ا

چت سنگھل کی رہنمائی میں، ریلوے نے شری ماتا ویشنو دیوی کٹڑہ ریلوے اسٹیشن پر سائن بورڈز کے اشتہاری حقوق ± کو کامیابی کے ساتھ ای-نیلامی کے ذریعے حاصل کیا ہے۔

اس پورے منصوبے کی کل مالیت، جو تین سال کی مدت پر مشتمل ہے، ایک کروڑ بیس لاکھ روپے مقرر کی گئی ہے۔

وندھے بھارت

اس دوران شمالی ریلوے نے کٹڑہ اور امرتسر کے درمیان چلنے والی وندھے بھارت ایکسپریس کے روٹ میں تبدیلی کا اعلان کیا ہے ۔ یہ ریل گاڑی اب جالندھر کے بجائے گُرداس پور اور بٹالہ کے روٹ سے چلا کرے گی ۔ اس فیصلے کا مقصد سفر کے وقت میں کمی لانا اور رابطہ سہولت کو مزید بہتر بنانا ہے ۔

جنگل مہم

پودوں کی فروخت کا آغاز کیا Conifer محکمہ جنگلات نے شیخ باغ سرینگر میں فاریسٹ کمپلیکس میں عام لوگوں کے لیے بڑھانا ہے۔ Green Cover ہے۔جس کا مقصد کشمیر وادی کے شہری اور نیم شہری علاقوں میں جنگلات سے باہر

اس مہم کا افتتاح کنزرویٹر آف فاریسٹس، سرینگر سرکل، سوربھ شرما نے کیا۔

موسم

بھارتی موسمیات محکمے نے جموں کشمیر میں کل یعنی 26 سے 28 مارچ تک بارشیں ہونے کی پیش گوئی کی ہے ۔ محکمے نے یوٹی کے کچھ بالائی علاقوں میں 28 سے 31 مارچ تک ہلکی برفباری ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے ۔ کسانوں سے کہا گیا ہے کہ وہ اس دوران زرعی سرگرمیاں معطل رکھیں ۔

نوراتری حاضری

نوراتری کے جاری تہوار کے دوران ان دنوں کٹڑہ میں بھاری تعداد میں شردھالو شری ماتا ویشنو دیوی استھاپن پر حاضری دے رہے ہیں ۔ جموں سے ہمارے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ نوراتری کے ابتدائی دنوں میں دو لاکھ 40 ہزار سے زیادہ شردھالو ننے استھاپن پر حاضری دی ہے ، جن کی سہولت کے لئے شرائن بورڈ انتظامیہ نے مناسبت انتظامات کئے ہیں ۔ آنے والے دنوں میں استھاپن پر حاضری دینے والے شردھالووں کی تعداد میں مزید اضافہ ہونے کی توقع ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****